# دار الافتاء والقضاء

# الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

email: darulifta@gmail.com | web: www.onlinefatawa.com | ph: +92 21 32570077 | fax: +92 21 32564586


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سیریل نمبر | 25344 | نام | فریدہ بانو | مطلوب | معجل |
| تاریخ | 4/18/2015 | پتہ | کراچی | | |
| رابطہ نمبر | | موضوع | تجدید نکاح | | |
| ای میل | | کاتب | سلیم اللہ علیم | | |

مفتی صاحب زید کی بیوی کے ساتھ تکرار کے دوران بات بڑھی اور زید نے کہا کہ اللہ کا خوف نہیں ہے تجھے؟ زید کی بیوی اس وقت بہت غصے میں تھی اس نے کہا ہاں نہیں ہے زید نے کہا اتنی بڑی بات کہہ رہی ہے بالکل بھی ڈر نہیں رہا اس نے جواب میں کہا ہاں نہیں رہا اس پر زید نے کہا ایسی جراءت تو کافر بھی کرتے ہوئے ڈرتا ہے جواب میں زید کی بیوی نے کہا ہاں میں کافر ہوں

کیا اس صورت میں زید کا نکاح ٹوٹ گیا اور کیا اس کی بیوی پر تجدید ایمان لازم ہے اور اس دوران دونوں میاں بیوی کی طرح سے رہے ہوں تو کیا حکم ہے؟

برائے مہربانی جلد از جلد جواب مرحمت فرمائیں

## الجواب حامداً ومصلیاً

صورتِ مذکورہ میں مذکورہ کلمہ "ہاں میں کافر ہوں" اور "اللہ سے نہیں ڈرتی" کلماتِ کفریہ میں سے ہیں، جن کے کہنے سے انسان کافر ہو جاتا ہے۔ اور اس طرح کے جملے بولنا کسی مسلمان سے متصور بھی نہیں۔ اس لئے سائل کی بیوی پر لازم ہے کہ بصدقِ دل توبہ و استغفار کرنے کے بعد تجدیدِ ایمان اور تجدیدِ نکاح کرے اور آئندہ اس طرح کے کفریہ کلمات ادا کرنے سے مکمل احتراز کرے۔

کما فی الهندیة: مسلم قال أنا ملحد یکفر ولو قال ما علمت انه کفر لا یعذر بهذا (الی قوله) وفی الیتیمة: سألت والدی عن رجل قال أنا فرعون أو ابلیس فحینئذ یکفر۔ اهـ (ج ۲ ص ۲۷۹)

وفی البزازیة: ولو ارتد والعیاذ بالله تحرم امرأته ویجدد النکاح بعد اسلامه ویعید الحج الخ (ج ۶ ص ۳۲۱)

وفیه ایضاً: قال ألا تخشی الله فقال لا قیل ان کان فی معصیة فحذره وهدده فقال ذلک کفر وان فی امر لا یخاف من الله تعالی فیه لا۔ اهـ (ج ۶ ص ۳۲۳) والله اعلم

سلیم اللہ عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶
۲ رجب ۱۴۳۶ھ

23/4/15

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۳ رجب المرجب ۱۴۳۶ھ

کذا الجواب
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ ۱۶
۳ رجب ۱۴۳۶ھ

دار الافتاء
۲۵۳۴۴
۲۳/۴/۱۵

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ